:پریس ریلیز

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کا سابق صدر جنگ بار ایسوسی ایشن کے قتل کا نوٹس

لاہور،2دسمبر2025

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب، سید فرہاد علی شاہ، نے جنگ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر منیر احمد سدھانہ ایڈوکیٹ کے افسوسناک قتل کا نوٹس لیتے ہوئے کیس کو ہائی پروفائل ڈکلیئر کر دیا۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے تفتیشی افسر کو ریکارڈ سمیت طلب کر لیا۔

تفتیشی افسر ریکارڈ سمیت پیش۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے تفتیشی افسر میرٹ پر تفتیش کرنے کی سخت ہدایات جاری کی ہیں تاکہ ایک تیز اور مکمل تحقیقات کو یقینی بنایا جا سکے۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے خاص طور پر تفتیشی افسر کو ہدایت کی ہے کہ وہ قانون، شہادت اور فرسٹ انفارمیشن رپورٹ (FIR) کی تمام 'لائیر پروٹیکشن ایکٹ' کے مطابق مقدمہ میں متعلقہ دفعات کو شامل کریں۔ یہ اقدام پنجاب میں قانونی برادری کے تحفظ کو یقینی بنانے کے عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے قتل میں ملوث تمام ملزمان کی فوری گرفتاری کے واضح احکامات بھی جاری کیے۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے تفتیشی افسر کو 10 دسمبر، 2025 تک مقدمہ کی تفتیش مکمل کر کے ایک جامع رپورٹ پیش کرنے کی ہدایات بھی جاری کیں۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کی اس فعال مداخلت سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ پنجاب حکومت قانون کی حکمرانی کو برقرار رکھنے اور مقتول وکیل کے اہل خانہ کو انصاف کی فراہمی کے لیے پر عزم ہے۔

از دفتر ترجمان پراسیکیوٹر جنرل پنجاب